فوری ریلیز کے لیے: 2024/26/9 **گورنر KATHY HOCHUL**

ہفتۂ موسمیات کے دوران، گورنر HOCHUL کا ماحولیاتی تعلیم کے مراکز اور پسماندہ کمیونٹیز کی مدد کے لیے 7$ ملین کا اعلان

گرانٹس ماحولیاتی تعلیمی مراکز کی تعمیر اور تزئین و آرائش میں مدد کرتی ہیں تاکہ نیو یارک کے آلودگی کے سب سے زیادہ بوجھ تلے دبے باشندوں کی حوصلہ افزائی، مشغولیت اور مدد کی جا سکے

درخواست دینے کی آخری تاریخ 22 جنوری 2025 ہے

ہفتۂ موسمیات منانے کے موقع پر، گورنر Kathy Hochul نے آج کمیونٹی پر مبنی، بلا منافع کام کرنے والی، اور قبائلی تنظیموں کے لیے مسابقتی گرانٹ فنڈز میں $7 ملین کا اعلان کیا تاکہ موجودہ سہولیات کی تعمیر، یا تزئین و آرائش، ماحولیاتی تعلیم کے علاقائی مراکز کی تخلیق میں مدد کی جا سکے، جو ماحولیاتی آگاہی پر کلاسیں اور پروگرام پیش کریں گے۔ مراکز لازمی طور پر کسی پسماندہ کمیونٹی یا ماحولیاتی انصاف کی کمیونٹی کے اندر واقع ہوں یا ان کی خدمت کریں اور ماحول کے بارے میں جستجو، دریافت اور سیکھنے کی تحریک میں مدد کریں گے۔

گورنر Hochul نے کہا، "ماحول کے تحفظ اور پسماندہ کمیونٹیز پر موسمیاتی تبدیلی کے غیر متناسب اثرات سے نمٹنے کے لیے نیو یارک ریاست کے اختراعی کام میں ماحولیات کے حامیوں کی اگلی نسل کی فطرت تک رسائی کو یقینی بنانا شامل ہے جہاں وہ رہتے ہیں، کام کرتے ہیں اور کھیلتے ہیں۔ اس فنڈنگ سے تعاون یافتہ ماحولیاتی تعلیم کے مراکز سیاحوں کو اس علم سے آراستہ کریں گے جس کی انہیں موسمیاتی تبدیلی کے خلاف جدوجہد میں شامل ہونے، آنے والی نسلوں کے لیے ہمارے ماحول کی حفاظت، اور لوگوں کو مقامی ثقافتی تحفظ کو دریافت کرنے اور اس کی حمایت کرنے کی ترغیب دینے کے لیے ضرورت ہے"۔

نیو یارک کا موسمیاتی قیادت اور علاقائی تحفظ ایکٹ (کلائمیٹ ایکٹ) تسلیم کرتا ہے کہ موسمیاتی تبدیلی تمام کمیونٹیز کو یکساں طور پر متاثر نہیں کرتی اور موسمیاتی انصاف کے ورکنگ گروپ کے ذمے یہ کام لگایا کہ وہ پسماندہ کمیونٹیز کی نشاندہی کرنے کے معیار کو تیار کرے تاکہ یقینی بنایا جا سکے کہ فرنٹ لائن کی اور بصورت دیگر وسائل سے محروم کمیونٹیز ریاست کی صاف تر، سبز تر ذرائع توانائی پر تاریخی منتقلی، کم آلودگی، صاف تر ہوا، اور بہتر اقتصادی مواقع سے مستفید ہو سکیں۔ ایک انٹرایکٹو نقشہ اور ریاست بھر میں پسماندہ کمیونٹیز کی فہرست دیکھنے کے لیے نیو یارک کے کلائمیٹ ایکٹ کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

اس گرانٹ کے موقع کے لیے فنڈنگ ریاست کے ماحولیاتی تحفظ فنڈ (Environmental Protection Fund, EPF) سے فراہم کی جاتی ہے اور نئی تعمیر یا تزئین و آرائش کی تجاویز کے مالی اخراجات میں مدد کے لیے دستیاب ہے۔ $250,000 سے $3 ملین تک کی گرانٹس ایسے تعلیمی مراکز کو دی جائیں گی جو شہری ماحولیات، ماحولیاتی انصاف کے چیلنجز، گرین ٹیکنالوجی، اور شہری ماحولیاتی پائیداری جیسے موضوعات کی ایک وسیع رینج کو تلاش کرتے ہیں۔ تجاویز میں مالی اخراجات شامل ہو سکتے ہیں، جیسے کہ عمارت یا زمین کی خریداری؛ تعمیر یا تزئین و آرائش؛ کسی سہولت کو وسیع کرنا یا بہتر بنانا؛ فرنیچر، فکسچر اور سامان کی خریداری؛ اور تکنیکی ہارڈ ویئر کی خریداری۔

ریاست نیو یارک کے محکمۂ تحفظِ ماحولیات کے عبوری کمشنر Sean Mahar نے کہا، "محکمۂ تحفظِ ماحولیات (Department of Environmental Conservation, DEC) تسلیم کرتا ہے کہ ماحولیاتی تعلیم کو فروغ دینا ریاست بھر میں پسماندہ اور ماحولیاتی انصاف کی کمیونیٹیز کو متاثر کرنے والے آب و ہوا کے مسائل سے لڑنے کے لیے حقیقی کارروائی کی حمایت کرنے کے لیے اہم ہے۔ ماحولیاتی تعلیم کے مراکز افراد، خاندانوں اور گروہوں کے لیے مختلف قسم کے قابلِ رسائی پروگرام اور خدمات فراہم کرتے ہیں اور کمیونٹی کے قیمتی اثاثوں کے طور پر کام کرتے ہیں جہاں لوگ تقریبات منعقد کرنے، ثقافتی تحفظ اور ماحولیاتی ذمہ داری کے بارے میں سیکھنے، کمیونٹی میں لچک پیدا کرنے، اور کمیونٹی کی ماحولیاتی کارروائی میں مشغول ہوتے ہیں"۔

مرکز کے لیے ممکنہ استعمال یا پروگرامنگ میں شامل ہیں:

- اندرونِ خانہ فضائی آلودگی کے متعلق تعلیم اور اندرونِ خانہ فضائی آلودگی کے ظہور کو کم کرنے کے لیے ماڈلنگ کے طریقے؛
- ماحولیاتی انصاف کی راہ میں حائل مشکلات کے متعلق تعلیم؛
- ثقافتی تحفظ اور ماحولیاتی ذمہ داری؛
- گرین ملازمتوں کی تعلیم و تربیت؛
- پروگرام، معلومات اور نمائشیں جو مقامی ماحول کے بارے میں آگاہی اور ذمہ داری کو بڑھاتی ہیں۔
- پائیدار ترقی کے نمونے، بشمول LEED آلودگی سے پاک عمارتی سند، آلودگی سے پاک بنیادی ڈھانچہ، اور زراعت؛
- جدید فنِ تعمیر یا انجینئرنگ کے مظاہروں کے ساتھ انتہائی موسمی پناہ گاہیں؛
- تحقیق اور نگرانی کے پروگرام، واٹرشیڈ کے مسائل پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے، مشترکہ گٹروں کے بہاؤ، گاڑیوں کے اخراج، توانائی کی پیداوار، ٹھوس فضلہ کی منتقلی کی سرگرمیاں اور/یا ماحولیاتی مسائل؛
- کمیونٹی پر مبنی مقامی تنظیموں، کمیونٹی کی تقریبات، اور تربیت گاہوں کے لیے کمیونٹی کی جگہ؛
- STEAM میں K-12 تعلیمی پروگرامنگ جس میں ماحولیات، ماحولیاتی نقصانات/خطرات/مسائل، سبز ٹیکنالوجی، اور ماحولیاتی پائیداری شامل ہو سکتی ہے۔
- ماحولیات، سبز توانائی کی ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی پائیداری میں کالج کی سطح کے انتخاب؛ اور
- بیرونی اجزاء جیسے کمیونٹی باغات یا فارم۔

تمام درخواستوں کی آخری تاریخ 22 جنوری 2025 کو شام 3 بجے ہے۔ درخواستوں کی طلبی (RFA) صرف دی اسٹیٹ وائیڈ فنانشل سسٹم آف نیو یارک (ny.gov) (SFS) کے ذریعے آن لائن دستیاب ہے۔ کمیونٹی پر مبنی بلا منافع کام کرنے والی تنظیموں کا درخواست دینے کے لیے SFS میں رجسٹرڈ اور پری کوالیفائی ہونا لازمی ہے۔

ریاست نیو یارک کا پورے ملک کی قیادت کرنے والا ماحولیاتی منصوبہ
ریاست نیو یارک کا آب و ہوا کا ایجنڈہ ایک منظم اور منصفانہ منتقلی کا مطالبہ کرتا ہے جو خاندان کی کفالت کرنے والی ملازمتیں پیدا کرتی ہوں، تمام شعبوں میں ماحول دوست معیشت کو فروغ دیتی ہوں اور اس بات کو یقینی بناتی ہوں کہ صاف توانائی کے شعبے میں سرمایہ کاریوں کے فوائد 35 فیصد پسماندہ کمیونٹیز کے لیے وقف ہوں گے جبکہ انہیں 40 فیصد تک بڑھایا جائے گا۔ موسمیاتی اور صاف توانائی سے متعلق ملک کے بعض انتہائی پُرعزم اقدامات سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے، نیویارک کیپ اینڈ انویسٹ پروگرام (New York Cap-and-Invest program, NYCI) اور دیگر تکمیلی پالیسیوں سمیت کاوشوں کے ایک سلسلے پر پیشرفت کر رہا ہے - جن کے ذریعے گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو 1990 کی سطح سے 2030 تک 40 فیصد اور 2050 تک 85 فیصد تک کم کیا جائے گا۔ نیو یارک سنہ 2040 تک کاربن کے صفر اخراج والے بجلی کے شعبے کی راہ پر بھی گامزن ہے، جس میں 2030 تک 70 فیصد قابلِ تجدید توانائی کی پیداوار اور وسط صدی تک پوری معیشت کو کاربن سے پاک کرنے جیسے اقدامات شامل ہیں۔ نیو یارک کی جانب سے صاف توانائی پر بے مثال سرمایہ کاریاں کرنا اس انقلابی تبدیلی کا ایک کلیدی سنگِ بنیاد ہے، جس میں پوری ریاست میں بڑے پیمانے والے 61 قابلِ تجدید اور ٹرانسمیشن پروجیکٹس میں $28 بلین سے زائد، عمارتوں سے ہونے والے مضر اخراجوں کو کم کرنے کے لیے $6.8 بلین،

شمسی توانائی کا حجم بڑھانے کے لیے $3.3 بلین، صاف نقل و حمل والے اقدامات کے لیے $3 بلین سے زائد، اورNY Green Bank کے وعدوں کی مد میں $2 بلین سے زیادہ کی سرمایہ کاریاں شامل ہیں۔ یہ اور دیگر سرمایہ کاریاں سال 2022 میں نیو یارک کے صاف توانائی کے شعبے میں 170,000 سے زائد ملازمتوں کی معاونت کر رہی ہیں اور سال 2011 کے بعد سے تقسیم شدہ شمسی شعبے میں 3,000 فیصد سے زیادہ کی ترقی لا رہی ہیں۔ گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کمی اور ہوا کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے، نیو یارک نے صفر اخراج کرنے والی گاڑیوں کے ضابطے بھی بنائے ہیں، جن کے تحت 2035 تک پابند بنایا جائے گا کہ ریاست میں فروخت کی جانے والی تمام نئی مسافر گاڑیاں اور لائٹ ڈیوٹی ٹرکس صفر اخراج کرتے ہوں۔ 400 سے زائد رجسٹر شدہ اور 150 سے زائد موسمیاتی لحاظ سے مستعد کمیونٹیز کے طور پر سندیافتہ کمیونٹیز، 500 سے زائد کلین انرجی کمیونٹیز، اور ریاست بھر میں 10 پسماندہ کمیونٹیز میں فضائی آلودگی کو نشانہ بنانے اور موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کی خاطر ریاست کی سب سے بڑی کمیونٹی ایئر مانیٹرنگ پیش رفت کے ذریعے، نیو یارک کی موسمیاتی کارروائیوں کو بڑھانے کا سلسلہ شراکت داریوں کے ذریعے جاری و ساری ہے۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں